© rasailojaraid.com

# مطبوعات

مجموعہ رسائل | تالیف حضرت مولانا شاہ رفیع الدین محدث دہلوی۔ ترتیب و تصحیح: مولانا عبد الحمید صاحب سواتی۔ مقامِ اشاعت: مدرسہ نصرت العلوم نزد گھنٹہ گھر، گوجرانوالہ۔ قیمت ۲ روپے صفحات ۲۰۰۔

پاک و ہند کے جس گھرانے کے بارے میں وثوق سے یہ کہا جا سکتا ہے کہ "ایں خانہ ہمہ آفتاب است" وہ حکیم الامت حضرت شاہ ولی اللہؒ کا خاندان ہے۔ شاہ صاحبؒ کے چاروں فرزندان گرامی۔ حضرت مولانا شاہ عبد العزیزؒ، شاہ رفیع الدینؒ، شاہ عبد القادرؒ۔ اور شاہ عبد الغنیؒ نے دین کی نہایت پُر آشوب حالات میں خدمت سرانجام دی۔ آج لوگوں کے اندر دین کی جو تڑپ اور احساس موجود ہے وہ انہیں بزرگوں کی کوششوں کا نتیجہ ہے۔ پھر یہ چاروں حضرات دین کے مختلف شعبوں میں خصوصی دسترس رکھتے تھے۔ شاہ عبد العزیزؒ کو علومِ نقلی پر حیرت انگیز عبور حاصل تھا۔ اور عقلی مسائل کو سلجھانے میں شاہ رفیع الدین کو اللہ تعالیٰ نے خصوصی بصیرت عطا کر رکھی تھی

زیر نظر کتاب شاہ صاحب کے دس مشہور رسائل کا مجموعہ ہے۔ یعنی رسالہ اذان، رسالہ فوائدِ نماز۔ رسالہ حملۃ العرش، رسالہ بیعت، رسالہ شرح رباعیات، رسالہ شرح چہل کاف، رسالہ شرح برہان العاشقین۔ رسالہ نذر و بزرگان، رسالہ جوابات سوالات اثنا عشر اور فتاویٰ)۔ یہ رسائل بڑے ادق ہیں اس لیے ان سے صرف علماء ہی استفادہ کر سکتے ہیں۔ عوام کے ہاتھوں میں ان کا دینا بہت سی غلط فہمیاں پیدا کرنے کا ذریعہ ہوگا۔ فاضل مرتب نے اس کتاب کو بڑی محنت اور عرقریزی سے ترتیب دیا ہے اور مشکل مقامات پر حواشی لکھ کر بہت سی اُلجھنوں کو دُور کر دیا ہے معیارِ کتابت و طباعت عمدہ ہے۔

کلید ہند بزبان انگریزی | تالیف: جناب طارق سفینہ پیپر لیس۔ شائع کردہ: ادارہ ثقافت اسلامیہ
KEY TO THE DOOR

© rasailojaraid.com